© rasailojaraid.com

یوں سمجھیے کہ یہودیت اور مسیحیت کے متعلق مستند حوالوں سے یہ ثابت کر دیا گیا کہ اہل کتاب خدا کی کتابوں اور اس کے دین کی حفاظت نہیں کر سکے، تعلیمات ضائع بھی ہوئیں اور جو بچیں ان میں تحریف کی جاتی رہی۔ خدا کے انبیاء پر بہتان باندھے گئے۔ اور ایسے ایسے عقیدے اور تصورات گھڑ لیے گئے جن کے لیے خدا کے دین میں کوئی جگہ نہیں۔

یہ وضاحت ضروری ہے کہ اس کتاب کی نشر و اشاعت میں صدیقی ٹرسٹ (نسیم پلازا، نشتر روڈ، کراچی) کا تعاون بھی شامل ہے۔

---

**بائیبل کی تالیف اور تحریف** | مؤلف مولانا حکیم انیس احمد صدیقی۔ ناشر: صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا، نشتر روڈ کراچی ۵۔ صفحات: ۵۹ قیمت: ۳/- روپے

اس کتابچے پر تفصیل سے کچھ لکھنے کا موقع نہیں۔ ساری بات عنوان سے ظاہر ہے۔ لفظی اور معنوی دونوں طرح کی تحریف پر گفتگو کی گئی ہے۔ مقالہ تحقیقی ہے اور معلومات افزا۔

---

**خاتون خانہ** | تالیف: الاستاذ منظر علی ادیب۔ ناشر: مکتبہ ذکری، رام پور (انڈیا)

سوا سو صفحات کی یہ کتاب آفسٹ کی خوبصورت طباعت اور رنگین ٹائیٹل ہی سے آراستہ نہیں، بلکہ منظر علی ادیب صاحب نے بات کو بڑی ادبیت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اس کتاب میں ایک طرف پردے کے شرعی احکام کی وضاحت اور دوسری طرف موجودہ حالات میں خواتین کو جن مسائل کا سامنا ہے، ان کا تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔ مؤلف نے یہ بھی دکھایا ہے کہ مغرب میں مخلوط بے پردہ معاشرت نے کیا نتائج و اثرات پیدا کیے ہیں اور یہاں کی خواتین کو کس طرح اپنا تحفظ کرنا چاہیے۔

موضوع کے مطابق تو جو کچھ منظر علی ادیب صاحب نے لکھا ہے، مناسب لکھا ہے اور پردہ (مولفہ سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ) کے مقابلے میں سادہ اور آسان اور مختصر گفتگو کی ہے۔ مگر مقدمے میں یا کسی اور طرح اصل توجہ خواتین کو بھی اس پر دلانی چاہیے کہ ایمان کیا ہے اور حضورؐ کو خدا کا رسول ماننے کے

© rasailojaraid.com